© rasailojaraid.com



روپے کے ٹکٹ بھیج کر مندرجہ ذیل پتہ سے منگوایا جا سکتا ہے: شعبہ نشرو اشاعت مدرسہ ناصر العلوم، رشید ٹاؤن، مانگا منڈی، لاہور

## ماہنامہ الاحرار ملتان

جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء المنعم ابو ذر بخاری رحمہ اللہ کی زیر ادارت "الاحرار" ایک عرصہ تک قارئین کے علمی وادبی ذوق کی تسکین کرتا رہا ہے۔ ان کے فرزند حافظ محمد معاویہ بخاری اس سلسلہ کو جاری رکھے ہوئے ہیں اور اس وقت اس کا مارچ ۹۸ء کا شمارہ ہمارے سامنے ہے جو مفید معلوماتی مضامین پر مشتمل ہے۔

سالانہ زر خریداری یک صد روپیہ، ۲۳۲ کوٹ تغلق شاہ ملتان

## ختم نبوت ڈائری ۹۸ء

انٹر نیشنل ختم نبوت موومنٹ نے ۹۸ء کی ڈائری شائع کی ہے جس میں منکرین ختم نبوت کے مختلف گروہوں کے تعارف کے ساتھ ساتھ تحریک ختم نبوت میں کام کرنے والی جماعتوں کی سرگرمیوں کا تذکرہ کیا گیا ہے اور ڈائری ان کے علاوہ بھی مختلف النوع معلومات سے مزین ہے۔ ادارہ دعوت وارشاد چنیوٹ کے مولانا خالد قریشی نے مولانا مشتاق احمد چنیوٹی اور ملک طارق جاوید چنیوٹی کے تعاون سے خاصی محنت کر کے ڈائری مرتب کی ہے اور عمدہ کمپوزنگ اور طباعت کے ساتھ مضبوط اور خوبصورت جلد میں اسے پیش کیا گیا ہے۔ پاکستان میں یہ ڈائری ادارہ مرکزیہ دعوت وارشاد چنیوٹ سے ایک سو روپے میں حاصل کی جا سکتی ہے۔

ہندستان میں پہلی بار برٹش دور میں سونے چاندی کے سکوں کی جگہ کاغذی نوٹ چلائے گئے۔ اس وقت مولانا عبد الحق حقانی زندہ تھے۔ کسی نے اس کے بارے میں مولانا حقانی کا فتویٰ پوچھا۔ انہوں نے براہ راست جواب دینے سے گریز کرتے ہوئے کہا: میرا فتویٰ نہیں چلے گا، اور نوٹ چل جائے گا۔

خالص فقہی نظر سے دیکھنے میں کاغذی نوٹ کے بارے میں جواز اور عدم جواز کا مسئلہ پیدا ہوتا تھا۔ مگر مولانا عبد الحق حقانی نے براہ راست اپنی رائے دینے سے گریز کیا کیونکہ انہوں نے محسوس کیا کہ یہ عمومی رواج کی صورت ہے اور عمومی رواج میں ہمیشہ رواج چلتا ہے نہ کہ مفتی کا فتویٰ (مولانا وحید الدین خان)

© rasailojaraid.com